# پہلے سے ہسپتال میں موجود مریضوں کی تحویل

(مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کی دفعہ (2)5)

| | |
|---|---|
| 1. مریض کا نام | |
| 2. آپ کے معالجہ کے ذمہ دار شخص کا نام | |

## میں یہ ہسپتال کیوں نہیں چھوڑ سکتا ہوں؟

آپ کو مینٹل ہیلتھ ایکٹ (دماغی صحت سے متعلق ایکٹ) 1983 کی دفعہ (2)5کے تحت اس ہسپتال میں رکھا جا رہا ہے کیونکہ آپ کے معالجہ کے ذمہ دار شخص، یا ان کے نائب، کا خیال ہے کہ آپ دماغی اختلال میں مبتلا ہیں اور ہسپتال میں قیام کرنے کی ضرورت ہے۔

"نائب" سے مراد وہ شخص ہے جو آپ کے معالجہ کے ذمہ دار شخص کے کسی اور جگہ ہونے کی صورت میں فیصلے کرسکتا ہے۔

## میں یہاں کتنے وقفے تک رہوں گا؟

آپ کو 72 گھنٹوں تک رکھا جاسکتا ہے تاکہ دو ڈاکٹریہ فیصلہ کرنے کے لئے آپ کو دیکھ سکیں کہ آیا آپ کو طویل تر وقفے کے لئے ہسپتال میں رکھنے کی ضرورت ہے۔

شاید دماغی صحت سے متعلق کوئی منظور شدہ پیشہ ور فرد بھی آپ کو دیکھے گا۔
دماغی صحت سے متعلق منظور شدہ پیشہ ور فرد ایسا شخص ہوتا ہے جو یہ فیصلہ کرنے میں مدد کے لئے خصوصی تربیت یافتہ ہوتا ہے کہ آیا لوگوں کو ہسپتال میں رکھے جانے کی ضرورت ہے۔

آپ کو اس وقت کے دوران ہرگز بھی ہسپتال چھوڑ کر نہیں جانا چاہئے تاقتیکہ آپ کے معالجہ کا ذمہ دار شخص، یا ان کا نائب، آپ کو چھوڑ کر جانے کے لئے نہ کہہ دے۔ اگر آپ جانے کی کوشش کرتے ہیں تو عملہ آپ کو روک سکتا ہے، اور اگر آپ چھوڑ کر چلے ہی جاتے ہیں تو، آپ کو واپس لایا جاسکتا ہے۔

اگر آپ کو مینٹل ہیلتھ ایکٹ کی دفعہ (4)5کے تحت پہلے سے ہی ہسپتال میں رکھا گیا تھا تو، پھر اس دفعہ کے تحت آپ کو اس سے پہلے جتنے وقفے تک ہسپتال میں رکھا گیا ہے وہ بھی 72 گھنٹوں کا حصہ شمار ہوگا۔

آپ کے معاملے میں 72 گھنٹوں کا اختتام ذیل کے وقت پر ہوگا:

| | |
|---|---|
| تاریخ | وقت |

## اس کے بعد کیا ہوتا ہے؟

ڈاکٹر کے آپ کو دیکھ لینے کے بعد ہی، یہ فیصلہ کیا جاسکتا ہے کہ آپ کو طویل تر وقفے کے لئے ہسپتال میں قیام کرنے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر یا دماغی صحت سے متعلق منظور شدہ پیشہ ور فرد آپ کو بتائے گا کہ کیوں

اور کتنے وقفے تک اس کے جاری رہنے کا امکان ہے۔ جو کچھ ہوگا اسے بتانے کے لئے آپ کو ایک اور کتابچہ دیا جائے گا۔ اگر یہ فیصلہ ہوا ہے کہ آپ کو قیام کرنے کی ضرورت ہے تو، وہ (یا عملہ کے دیگر ممبران) آپ کے لئے دستیاب کسی دیگر تعاون کے بارے میں آپ سے بات کریں گے۔

اگر آپ کو 72 گھنٹے کے اختتام تک یہ نہیں بتایا گیا ہے کہ آپ کو ہسپتال میں قیام کرنا ہے تو، آپ چھوڑ کر جانے کو آزاد ہوں گے۔ لیکن آپ یہ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ ایک رضاکار مریض کی حیثیت سے آپ ہسپتال میں قیام کرنے کے خواہاں ہیں۔ اگر آپ 72 گھنٹے کے اختتام پر چھوڑ کر جانا ہی چاہتے ہیں تو، براہ کرم سب سے پہلے عملہ کے کسی ممبر سے بات کریں۔

## کیا میں اپیل کرسکتا ہوں؟

نہیں۔ خواہ آپ اس بات سے اتفاق رائے نہ کریں کہ اب آپ کو ہسپتال میں قیام کرنے کی ضرورت ہے، آپ دفعہ 5(2) کے تحت یہاں آپ کو رکھے جانے کے فیصلے کے خلاف اپیل نہیں کرسکتے ہیں۔

## کیا میرا علاج ہوگا؟

ہسپتال کا عملہ کسی ایسے معالجہ کے بارے میں آپ کو بتادے گا جو ان کے خیال میں آپ کو درکار ہوگا۔ آپ کو کسی بھی ایسے علاج سے انکار کرنے کا حق حاصل ہے جو آپ نہیں کروانا چاہتے ہیں۔ صرف مخصوص حالات میں، جو آپ کو بتا دیئے جائیں گے، آپ کو ایسا معالجہ پیش کیا جاسکتا ہے جس پر آپ راضی نہ ہوں۔

## آپ کے قریب ترین رشتہ دار کو واقف کرانا

اس کتابچہ کی ایک کاپی اس شخص کو دی جائے گی جس کو مینٹل ہیلتھ ایکٹ آپ کا قریب ترین رشتہ دار قرار دیتا ہے۔

مینٹل ہیلتھ ایکٹ میں ایسے افراد کی فہرست موجود ہے جنہیں قریب ترین رشتہ دار سمجھا جاتا ہے۔ عام طور پر، اس فہرست میں جو شخص سب سے اوپر ہوتا ہے وہی آپ کا قریب ترین رشتہ دار ہوتا ہے۔ ہسپتال کا عملہ آپ کو ایک کتابچہ مہیّا کراسکتا ہے جس میں اس چیز کی اور آپ کی نگہداشت اور معالجہ کے سلسلے میں آپ کے قریب ترین رشتہ دار کو جو حقوق حاصل ہیں ان کی صراحت کی گئی ہے۔

آپ کے معاملے میں، ہمیں بتایا گیا ہے کہ آپ کا قریب ترین عزیز ذیل کا فرد ہے:

| |
|---|
| |

اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ اس شخص کو کتابچہ کی کاپی موصول ہو تو، براہ کرم اپنی نرس یا عملے کے کسی اور رکن کو بتادیں۔

## اپنے قریب ترین رشتہ دار کو تبدیل کرنا

اگر آپ کو نہیں لگتا ہے کہ یہ فرد آپ کا قریب ترین رشتہ دار ہونے کے لئے موزوں ہے تو، آپ کاؤنٹی کورٹ میں عرضی دے سکتے ہیں کہ اس کے بجائے کسی اور شخص کو آپ کا قریب ترین رشتہ خیال کیا جائے۔
ہسپتال کا عملہ آپ کو ایک کتابچہ مہیا کراسکتا ہے جس میں اس کی وضاحت ہوتی ہے۔

## آپ کے خطوط

ہسپتال میں آپ کے قیام کے دوران آپ کے نام سے بھیجے گئے تمام خطوط آپ کو دیئے جائیں گے۔ آپ کسی بھی فرد کو خطوط بھیج سکتے ہیں سوائے اس شخص کے جنہوں نے یہ کہہ رکھا ہے کہ وہ آپ کی جانب سے بھیجے گئے خطوط وصول کرنے کے خواہاں نہیں ہیں۔ ان افراد کے نام ارسال کردہ خطوط کو ہسپتال کا عملہ روک سکتا ہے۔

## ضابطۂ عمل

ایک ضابطۂ عمل موجود ہے جس سے ہسپتال کے عملہ کو مینٹل ہیلتھ ایکٹ اور دماغی اختلال کا علاج کرنے والے افراد کے بارے میں مشورہ حاصل ہوتا ہے۔ عملہ کو آپ کی نگہداشت کے بارے میں فیصلے کرتے وقت اس بات کا خیال رکھنا ہوتا ہے کہ ضابطہ کا کیا کہنا ہے۔ اگر آپ کی مرضی ہو تو، آپ اس ضابطہ کی کاپی ملاحظہ کرنے کے لئے طلب کرسکتے ہیں۔

## میں شکایت کیسے درج کروں؟

اگر آپ ہسپتال میں اپنی نگہداشت اور علاج کے سلسلے میں کسی بھی چیز کے بارے میں شکایت درج کروانا چاہتے ہیں تو، براہ کرم عملہ کے کسی ممبر سے بات کریں۔ وہ اس معاملے کا ازالہ کرسکتے ہیں۔ وہ ہسپتال کے شکایات کے طریقہ کار کےبارے میں آپ کو معلومات فراہم کرسکتے ہیں، جسے آپ مقامی تدبیر کے نام سے موسوم وسیلے کی معرفت اپنی شکایت کا ازالہ کرنے کی کوشش میں بروئے کار لاسکتے ہیں۔ ان سے کسی اور ایسے شخص کے بارے میں بھی معلومات حاصل ہوسکتی ہے جو شکایت درج کروانے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے۔

اگر آپ کو نہیں لگتا ہے کہ ہسپتال کا شکایات کا طریقہ کار آپ کے لئے معاون ہوسکتا ہے تو، آپ خود مختار کمیشن کے پاس شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ کمیشن اس بات پر نگاہ رکھتا ہے کہ مینٹل ہیلتھ ایکٹ کس طرح استعمال ہوتا ہے، تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ اس کا استعمال صحیح طریقے سے ہوتا ہے اور جب مریض ہسپتال میں ہوتے ہیں تو ان کی مناسب دیکھ بھال ہوتی ہے۔ ہسپتال کا عملہ آپ کو ایک کتابچہ مہیا کراسکتا ہے جس میں کمیشن سے رابطہ قائم کرنے کا طریقہ درج ہوتا ہے۔

### مزید تعاون اور معلومات

اگر آپ کی نگہداشت یا معالجہ کے بارے میں مذکور کوئی بات آپ کی سمجھ میں نہیں آتی ہے تو، عملے کا ممبر آپ کی مدد کرنے کی کوشش کرے گا۔ اگر اس کتابچہ میں مذکور کوئی بات آپ کی سمجھ میں نہیں آتی ہے یا آپ کا کوئی سوال ایسا ہے جس کا جواب اس کتابچہ میں درج نہیں ہے تو براہ کرم عملے کے ممبر سے اس کی وضاحت کرنے کو کہیں۔

اگر آپ کو کسی اور شخص کے لئے اس کتابچہ کی ایک اور کاپی درکار ہے تو براہ کرم طلب کریں۔